## سوال

کیا اسلام میں نیل پالش لگا کر نماز ادا کرنا جائز ہے ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے ، اور دورود وسلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

عورت بطور زینت اپنے ناخن کسی ایسی چیز کے ساتھ رنگ سکتی ہے جو مضر نہ ہو ، اوراس کے ساتھ نماز بھی ادا کی جا سکتی ہے ، لیکن اگر نیل پالش وغیرہ نیچے پانی نہ پہنچنے دے تو پھر اسے لگا کر وضوء اور غسل کرنا صحیح نہیں ، اس لیے اسے اتارے بغیر وضوء اور غسل نہیں ہوسکتا ، اوراگر وضوء صحیح نہ ہوا تو نماز بھی صحیح نہیں ہوگی

مستقل فتوی کمیٹی کے فتاوی جات میں ہے :

( اگر نیل پالش ناخنوں پر کچھ تہہ وغیرہ چھوڑے تو اسے اتارے بغیر وضوء نہیں ہوتا ، اور اگر کوئی تہہ ہو مثلا مہندی لگانا تو پھر وضوء صحیح ہوگا ) اھ

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 218/5 ) .

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

20728